نبی ﷺ جب فجر کی نماز پڑھ لیتے تو اپنی نماز کی جگہ پر بیٹھے رہتے یہاں تک کہ سورج اچھی طرح طلوع ہو جاتا

جابر بن سَمُرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ جب فجر کی نماز پڑھ لیتے تو اپنی نماز کی جگہ پر بیٹھے رہتے یہاں تک کہ سورج اچھی طرح طلوع ہو جاتا، آپ ﷺ اپنی نماز کی اس جگہ سے جہاں آپ صبح کی نماز پڑھتے تھے، اس وقت تک نہیں اٹھتے تھے جب تک کہ سورج طلوع نہ ہو جاتا، چنانچہ جب سورج طلوع ہو جاتا تو آپ ﷺ کھڑے ہو جاتے صحابہ کرام باتیں کرتے اور دورِ جاہلیت کے امور کا تذکرہ شروع کر دیتے، تو وہ ہنستے اور آپ ﷺ تبسم فرماتے

[صحیح] [رواہ مسلم]

نبی ﷺ کی سنت میں سے ہے کہ جب آپ فجر کی نماز سے فارغ ہو جاتے تو اپنی نماز کی جگہ پر بیٹھے رہتے یہاں تک کہ سورج بلند ہو جاتا، اور آپ ﷺ اپنی فجر کی نماز والی جگہ سے اس وقت تک نہیں اٹھتے تھے جب تک کہ سورج طلوع نہ ہو جاتا پھر جب سورج طلوع ہو جاتا تو آپ ﷺ اٹھ جاتے، صحابہ کرام -رضی اللہ عنہم- اسلام سے پہلے کے اپنے بعض معاملات کا تذکرہ کرنے لگتے اور آپ ﷺ خاموش رہتے، تو وہ ہنستے اور بسا اوقات آپ ﷺ بھی ان کے ساتھ تبسم فرما لیتے

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/65411